# ہندوستان بھوٹان ڈولپمینٹ کوآپریشن بات چیت

01 مارچ، 2024

ہندوستان بھوٹان ڈولپمینٹ کوآپریشن بات چیت کا انعقاد جمعہ کو مورخہ 1 مارچ، 2024 کو نئی دہلی میں منعقد کی گئی۔ بھوٹانی وفد کی قیادت وفد کی قیادت وزارت خارجہ اور بیرونی تجارت کے سکریٹری اوم پیما چوڈن نے کی اور اس میں بھوٹان کی شاہی حکومت کے سینئر حکام بھی شامل ہوئے۔ جب کہ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے سکریٹری جناب ونئے کواترا نے کی، جبکہ حکومت ہند کے وزراء خارجہ دیگر افسران بھی موجود تھے۔

اس بات چیت کے دوران، دونوں فریقوں نے بھوٹان کے 12ویں پانچ سالہ منصوبے کے تحت بھارت کے تعاون سے چلنے والے منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ بھوٹانی فریق نے کووڈ-19 وبائی امراض کے مشکل وقت میں بھوٹان کے لیے ان کی غیر متزلزل تعاون اور سپورٹ کے لیے لوگوں اور حکومت ہند کا شکریہ ادا کیا۔

12ویں پانچ سالہ منصوبہ باہمی شراکت داری کے ذریعہ تعلیم، صحت، ڈیجیٹل ترقی، صلاحیت کی ترقی، قانون، بنیادی ڈھانچہ، تجارت، زراعت، کھیل اور ثقافت کے شعبوں میں 83 پروجیکٹ باہمی تعاون اور 524 ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈولپمنٹ پروجیکٹس کو کامیابی کے ساتھ نافذ کیا گیا ہے۔

دونوں فریقوں نے بھوٹان کے 13ویں پانچ سالہ منصوبے کے لیے ترجیحی شعبوں اور منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا تاکہ بھوٹان کی شاہی حکومت کے ’صحت مند، خوشحال اور محفوظ بھوٹان‘ کے ہدف کو حاصل کیا جا سکے۔ اس موقع پر حکومت ہند نے یہ پیغام دیا کہ وہ بادشاہ کے وژن کے مطابق اور شاہی حکومت کی ترجیحات اور خواہشات کی بنیاد پر بھوٹان کی شاہی حکومت کے ساتھ مل کر اپنے ترقیاتی ایجنڈے پر کام جاری رکھے گی ۔ دونوں فریقوں نے باہمی طور پر مناسب تاریخ پر تھمپو میں ترقیاتی تعاون کے اگلے مذاکرات کے انعقاد پر اتفاق کیا ہے۔

دونوں ممالک کے درمیان دوستی اور باہمی تعاون کے بہترین رشتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ مذاکرات دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئے۔

**نئی دہلی**
**01 مارچ 2024**